PR.No. 28/2026
**FEDERAL CONSTITUTIONAL COURT OF PAKISTAN**
******
Islamabad, the 22nd July, 2026

**DELEGATION FROM ISTANBUL BAR ASSOCIATION NO. 2 AND PAKISTAN BAR COUNCIL VISITED FEDERAL CONSTITUTIONAL COURT OF PAKISTAN**

A high-level delegation from the Istanbul Bar Association No. 2, Republic of Türkiye, accompanied by representatives of the Pakistan Bar Council (PBC), visited the Federal Constitutional Court of Pakistan (FCCP) and called on the Hon'ble Chief Justice during an official visit to the Court in Islamabad. The visit reflected the longstanding brotherly relations between Pakistan and Türkiye and reaffirmed the shared commitment of the legal communities of both countries to constitutionalism, judicial independence, the rule of law, and the promotion of international legal cooperation.

The Turkish delegation was led by Mr. Yasin ŞAMLI, President of the Istanbul Bar Association No. 2. The delegation included H.E. Dr. Irfan Neziroğlu, Ambassador of the Republic of Türkiye to Pakistan, whose presence underscored the importance of the visit and the deep-rooted bilateral ties between the two countries. Other members of the delegation included Mr. Niyazi PAKSOY, Vice President; Ms. Nurcan YANARDAĞ, General Secretary; Mr. Erol KIRAÇ, Treasurer; Board Members Mr. Menderes DEMİR, Ms. Fatma KOÇ, Mr. Melik İslam ŞEKER; and Mr. Mehmet Öztürk, International Relations and Translator.

The delegation was accompanied by distinguished representatives of the Pakistan Bar Council, including Mr. Pir Masood Chishti, Vice Chairman; Mr. Saqib Gondal; Mr. Rizwan Abbasi; Mr. Amir Saeed Rawn; Barrister Usama Malik, Director/Head, Directorate of Legal Education, Pakistan Bar Council; and Mr. Sajid Sohail, Focal Person, Embassy of Türkiye.

Upon arrival at the Federal Constitutional Court of Pakistan, the distinguished guests were warmly received by the Court's senior protocol officials and were subsequently welcomed by Registrar Muhammad Hafeez Ullah Khan, who conveyed greetings on behalf of the Court before escorting the delegation for its meeting with the Hon'ble Chief Justice.

During the meeting, the Hon'ble Chief Justice highlighted the constitutional mandate of the Federal Constitutional Court of Pakistan, emphasizing its pivotal role in upholding the supremacy of the Constitution, safeguarding fundamental rights, ensuring constitutional interpretation, and strengthening constitutional governance.

The visiting delegation was also presented with an institutional documentary introducing the Federal Constitutional Court of Pakistan, highlighting its establishment, constitutional jurisdiction, institutional development, and vision. The meeting provided a valuable opportunity for a comprehensive exchange of views on matters of mutual professional interest, including constitutional adjudication, comparative constitutional jurisprudence, judicial reforms, legal education, bar–bench relations, and avenues for enhanced institutional collaboration between the legal communities of Pakistan and Türkiye.


The members of the delegation expressed their appreciation for the warm hospitality extended by the Federal Constitutional Court of Pakistan.

Both sides reaffirmed their shared resolve to deepen professional engagement, facilitate knowledge exchange, and promote sustained cooperation between the constitutional and legal institutions of the two brotherly countries.

To commemorate the visit, the Hon'ble Chief Justice and the distinguished members of the delegation participated in a souvenir exchange ceremony, symbolizing the enduring friendship, mutual respect, and strong legal partnership between Pakistan and Türkiye. The visit concluded with a group photograph before the delegation departed from the Court.

The Federal Constitutional Court of Pakistan remains committed to strengthening engagement with constitutional courts, bar associations, and legal institutions around the world in furtherance of judicial excellence, the rule of law, and international legal cooperation.





https://www.facebook.com/share/1Ed4vAEkQj/
https://www.instagram.com/fccp_pakistan
https://x.com/FCCP_pakistan
https://bit.ly/4v7P5ps

**Naila Nazar**
Director Media Affairs
& Public Relations

## استنبول بار ایسوسی ایشن نمبر 2 اور پاکستان بار کونسل کے وفد کی وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان آمد

جمہوریہ ترکیہ کی استنبول بار ایسوسی ایشن نمبر 2 کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے، پاکستان بار کونسل کے نمائندوں کے ہمراہ، وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان کا دورہ کیا اور معزز چیف جسٹس سے ملاقات کی۔ یہ دورہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات کی عکاسی کرتا ہے اور دونوں ممالک کی قانونی برادری کے آئین کی بالادستی، عدالتی آزادی، قانون کی حکمرانی اور بین الاقوامی قانونی تعاون کے فروغ کے عزم کی تجدید کا مظہر ہے۔

ترک وفد کی قیادت استنبول بار ایسوسی ایشن نمبر 2 کے صدر مسٹر یاسین شاملی نے کی، جبکہ جمہوریہ ترکیہ کے پاکستان میں سفیر ڈاکٹر عرفان نظیر اوغلو بھی وفد کے ہمراہ موجود تھے۔ وفد میں نائب صدر نیازی پاکسوئے، جنرل سیکرٹری نورجان یانارداگ، خزانچی ایرول کیراچ، بورڈ اراکین میندرس دمیر، فاطمہ کوچ، ملک اسلام شیکر اور بین الاقوامی تعلقات و مترجم محمد اوز ترک شامل تھے۔

وفد کے ہمراہ پاکستان بار کونسل کے نائب چیئرمین پیر مسعود چشتی، ساقب گوندل، رضوان عباسی، امیر سعید راون، بیرسٹر اسامہ ملک (ڈائریکٹر / سربراہ، ڈائریکٹوریٹ آف لیگل ایجوکیشن، پاکستان بار کونسل) اور ساجد سہیل (فوکل پرسن، سفارت خانۂ ترکیہ) بھی موجود تھے۔

وفاقی آئینی عدالت پہنچنے پر مہمانوں کا استقبال عدالت کے سینئر پروٹوکول افسران نے کیا، جبکہ رجسٹرار محمد حفیظ اللہ خان نے عدالت کی جانب سے خیر مقدم کرتے ہوئے وفد کو معزز چیف جسٹس سے ملاقات کے لیے لے گئے۔

ملاقات کے دوران معزز چیف جسٹس نے وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان کے آئینی مینڈیٹ پر روشنی ڈالتے ہوئے آئین کی بالادستی، بنیادی حقوق کے تحفظ، آئینی تشریح اور آئینی حکمرانی کے فروغ میں عدالت کے کلیدی کردار کو اجاگر کیا۔

وفد کو وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان پر ایک تعارفی دستاویزی فلم بھی دکھائی گئی، جس میں عدالت کے قیام، آئینی دائرۂ اختیار، ادارہ جاتی ترقی اور مستقبل کے وژن کو نمایاں کیا گیا۔

ملاقات کے دوران آئینی مقدمات، تقابلی آئینی قانون، عدالتی اصلاحات، قانونی تعلیم، بار اور بنچ کے تعلقات اور پاکستان و ترکیہ کے قانونی اداروں کے درمیان تعاون کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلۂ خیال ہوا۔

ترک وفد نے وفاقی آئینی عدالت کی جانب سے پرتپاک میزبانی پر شکریہ ادا کیا۔ دونوں فریقین نے پیشہ ورانہ روابط کو مزید مستحکم کرنے، علمی و قانونی تجربات کے تبادلے اور دونوں برادر ممالک کے آئینی و قانونی اداروں کے درمیان دیرپا تعاون کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا۔

دورے کی یادگار کے طور پر معزز چیف جسٹس اور وفد کے ارکان کے درمیان یادگاری تحائف کا تبادلہ بھی کیا گیا، جو پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دیرینہ دوستی، باہمی احترام اور مضبوط قانونی شراکت داری کی علامت ہے۔ بعد ازاں وفد نے گروپ فوٹو بنوائی اور عدالت سے روانہ ہو گیا۔

وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان دنیا بھر کی آئینی عدالتوں، بار ایسوسی ایشنز اور قانونی اداروں کے ساتھ روابط کو مزید فروغ دینے، عدالتی معیارِ کار، قانون کی حکمرانی اور بین الاقوامی قانونی تعاون کے فروغ کے لیے اپنے عزم پر قائم ہے۔